Public Relations & Media Services Department
Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad
Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 24فروری 2020

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کے (24) ملازمین اس سال حج کی سعادت حاصل کرینگے جس میں بینک کے ذیلی ادارہ کسان سپورٹ سروسز کے ملازمین بھی شامل ہیں۔ بینک کے صدر محمد شہباز جمیل نے بینک کے ہیڈ آفس میں کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کا افتتاح کیا۔یاد رہے کہ بینک اپنی مدد آپ کے تحت ہر سال بذریعہ قرعہ اندازی اپنے ملازمین کو فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے بھیجتا ہے۔اس موقع پر بینک کے صدر نے ایک بینک ملازم کے حج اخراجات اپنی ذاتی جیب سے ادا کرنے کا اعلان بھی کیا۔

بینک کے صدر نے کامیاب ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ خوش نصیب ہیں کہ انہیں یہ سعادت نصیب ہو رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ خوش قسمت ملازمین اس مبارک موقع پر ملک وقوم اور ادارے کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصاً دعا کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ حج کی اصل روح یہ ہے کہ حاجی خدا اور مخلوق خدا کے حقوق کی کما حقہ ادائیگی کا عزم کرے۔ اپنے خطاب کے دوران انہوں نے بینک ملازمین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ پوری ایمانداری محنت اور جانفشانی سے بینک کی ترقی کے لئے دن رات کوشش کریں اور کسان بھائیوں کو کاشتکاری کے نت نئے طریقے اپنا کر زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ شامل کرنے پر اپنا کردار ادا کرنے بارے ان کی مدد کریں ۔

قرعہ اندازی کے ذریعے حج سکیم 2020 کیلئے جن خوش نصیب بینک ملازمین کے ناموں کا اعلان کیا گیا ان میں سعد اللہ باجوہ (آفیسر گریڈ ٹو)، محمد احمد (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، صداقت علی رند (آرمڈ گارڈ/چوکیدار)، عبدالمنام خان (وائس پریذیڈنٹ)، عبدالحمید (ڈرائیور)، عبدالحق (آفیسر گریڈ ٹو)، حسن اختر (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، عاشق حسین (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، رمیض راجہ (آفیسر گریڈ ٹو)، کرامت علی (آفیسر گریڈ ون)، اعتزاز احمد پراچہ (وائس پریذیڈنٹ)، امان اللہ انصاری (آفیسر گریڈ ون)، نبی بخش بھٹو (ڈرائیور)، بلال ظفر (آفیسر گریڈ ٹو)، محمد رفیق طاہر (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، شوکت علی (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، طارق محمود خان (آرمڈ گارڈ/چوکیدار)، محمد ایوب ترین (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، زاہد محمود (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، حبیب اللہ خان (آفیسر گریڈ ون) اور کسان سپورٹ سروسز لمیٹڈ کے ملازمین جن میں ثاقب شہزاد (سیکورٹی گارڈ)، محمد عباس (سینئر اسسٹنٹ)، نیاز احمد (ڈرائیور) اور آصف غفور (سیکورٹی گارڈ) شامل ہیں۔

(ناصر حسین)
انچارج (تعلقات عامہ)
فون نمبر 0309-0535214